5225-خاوند نے طلاق کا لیٹر لکھا کہ وہ مہینہ کے آخر میں بیوی کو ارسال کرے گا

سوال

بیوی نے طلاق پر اصرار کیا تو خاوند کہنے لگا : ایک ماہ تک سوچ لو، لیکن بیوی باز نہ آئی اور گھر سے چلی گئی، جب مہینہ ختم ہونے پر آیا تو خاوند نے طلاق کا لیٹر لکھا کہ مہینہ ختم ہونے کے بعد بیوی کو ارسال کر دیگا، لیکن مہینہ ختم ہونے سے ایک دن قبل بیوی نے رابطہ کیا اور کہنے لگی میں واپس آنا چاہتی ہوں، تو کیا یہ طلاق ہو جائیگی یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن
صالح العثیمین حفظہ اللہ کے سامنے پیش کیا تو شیخ نے یہ جواب دیا :

یہ اس کی نیت کے مطابق ہوگا، اگر تو
اس کی نیت طلاق واقع کرنے کی تھی تو طلاق واقع ہوگئی، لیکن ظاہر یہی ہوتا ہے کہ وہ
طلاق واقع نہیں کرنا چاہتا تھا، حتی کہ مہینہ گزر جائے تو پھر طلاق دے گا، اس بنا پر
طلاق واقع نہیں ہوگی " انتہی .